## خودکش حملہ آور انسانیت کے دشمن اور پاکستان کی سلامتی کے لئے خطرہ ہیں، الطاف حسین
## پشاور میں بڈھ بیر تھانہ میں ہونے والے خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت
## دھماکے میں شہید ہونے والے بے گناہ افراد کے لواحقین سے اظہار تعزیت

لندن۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے شہر بڈھ بیر میں خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس کے نتیجے میں متعدد افراد کے شہید اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ خودکش حملہ آور انسانیت کے دشمن اور پاکستان کی سلامتی کے لیئے خطرہ ہیں طالبان دہشت گردوں نے پشاور کواپنے ناپاک عزائم کا نشانہ بنا رکھا ہے اور پشاور میں ہونے والی دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں اب تک خواتین اور بچوں سمیت ہزاروں معصوم و بے گناہ افراد شہید ہوچکے ہیں۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کی کارروائیوں کے پیش نظر علاقائی سطح پر مربوط اور منظّم حفاظتی نظام قائم کریں اور مشکوک عناصر کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں پے درپے بم دھماکوں اور خودکش حملوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، معصوم شہریوں کی جانوں کو بچانے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں اور دہشت گردوں کا خاتمہ کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔انہوں نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کیخلاف جاری آپریشن راہِ نجات میں دہشت گردوں کو پسپا کرنے پر پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیرستان میں پسپا ہوکر دہشت گرد خودکش حملے جیسے گھناؤنے جرائم کر کے معصوم شہریوں کو نشانہ بنارہے ہیں اور یہ شرمناک جرائم اس بات کا تقاضہ کررہا ہے دہشت گردی اور دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے تمام وسائل استعمال میں لائے جائیں۔جناب الطاف حسین نے پشاور بڈھ بیر میں خودکش حملے میں شہید افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے زخمی افراد کے علاج معالجے کیلئے عوام سے خون کے عطیات دینے کی اپیل کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ انسان دوست جماعت ہے جو تمام مذہبی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کررہی ہے، رافامشن انٹرنیشنل
## رافامشن انٹرنیشنل وفد کی نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔16، نومبر 2009ء

رافامشن انٹرنیشنل کے 21 رکنی نمائندہ وفد نے چیئرمین سلمان منظور بشپ ایل مل کی اور فرسٹ سیکریٹری ٹینا منظور کی سربراہی میں اتوار کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون اور نیک محمد سے ملاقات کی اور ملک میں مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں کو سراہا۔وفد کے ارکان میں پیرالیو بیک من، کینتھ بارتھ ہوڈسن، میٹس وستھ، لینارڈ، ایوا، نینسی ڈون، پاسٹر اکرم، بشپ ڈاکٹر ایم ایم وقاص، عما انوائیل، ڈاکٹر سلیم سرفراز اور رافا انٹرنیشنل کے کوآرڈی نیٹر نورس شامل تھے۔اس موقع پر سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر روف حق پرست وزیر فیصل سبزواری، صوبائی وزیر نثار پنہور، اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان اور جمشید ٹاؤن کے ناظم جاوید احمد بھی موجود تھے۔قبل ازیں وفد کے ارکان نے ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اوران سے متعلق معلومات حاصل کیں۔سلمان منظور نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ انسان دوست جماعت ہے جو ملک میں تمام مذہبی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کررہی ہے اوران کے حقوق کیلئے بلاتفریق رنگ نسل وزبان اور مذہب عمل پیرا بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے جس طرح ہمت وجرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے گوجرا کے افسوسناک واقعے میں ہمارا کھل کر ساتھ دیا اوراس ظلم کے خلاف سب سے پہلے جوآواز احتجاج بلند کی وہ ہمارے نزدیک انتہائی قابل ستائش ہے اور اب ہماری تمام ہمدردیاں ایم کیوایم اور الطاف حسین کے ساتھ ہے۔انہوں نے گلگت بلتستان کے حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کی کامیابی پر قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو مبارکباد پیش کی۔رضا ہارون اور نیک محمد نے وفد کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے نائن زیرو پر خوش آمد کہا اوران کے خیالات کو سراہتے ہوئے معزز مہمانوں کو قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر پر مشتمل کتاب، ایم کیوایم کا لٹریچر اور اجرک تحفے میں پیش کی ۔آخر میں وفد نے قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی، ایم کیوایم کی کامیابی اور اقلیتوں کے تحفظ کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## متحدہ کی سیاست کا محور عوامی مسائل کا حل ہے، افتخار اکبر رندھاوا
## گلگت بلتستان میں حق پرست امیدوار کی فتح پنجاب میں ایم کیو ایم کی کامیابی کا پیش خیمہ ثابت ہوگی
## قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں دھاندلی کرکے رزلٹ تبدیل کیے گئے، عوام کی حمایت ایم کیو ایم کے ساتھ ہے

لاہور۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی سیاست کا محور عوامی مسائل کا حل ہے، گلگت بلتستان میں حق پرست امیدوار کی فتح پنجاب میں ایم کیو ایم کی کامیابی کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ان خیالات کا اظہار ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے پنجاب کے مختلف شہروں رحیم یار خان، بہاولپور، بہاولنگر، لودھراں، ملتان، خانیوال، ساہیوال، مظفر گڑھ، ننکانہ صاحب، سرگودھا اور اسلام آباد کی ضلعی کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات میں دھاندلی نہ کی جاتی تو ایم کیو ایم ان علاقوں سے عوامی کی تائید سے بھاری اکثریت سے کامیاب ہوتی، ایک نشست سے کامیابی نے ثابت کردیا ہے کہ گلگت بلتستان کے عوام ایم کیو ایم کے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا کہ الیکشن میں ایم کیو ایم کے امیدوار نے سب سے زیادہ ووٹ لئے ہیں اور تمام کاسٹ ووٹوں میں دوسرے نمبر پر ایم کیو ایم نے ووٹ حاصل کیے ہیں جو قائد تحریک الطاف حسین کے نظریئے کی سچائی کا منہ بولتا ثبوت ہے جس نے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیو ایم ہی حقوق سے محروم اور غلامی کے طوق میں جکڑے ہوئے عوام کو ظالمانہ نظام سے نجات دلاسکتی ہے۔افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین واحد لیڈر ور ہنماء ہیں جنہوں نے نہ صرف عوامی کے حقیقی ایشوز پر آواز بلند کی بلکہ انہوں نے ہمیشہ آنے والے تمام خطرات سے عوام وارباب اختیار کو آگاہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے الطاف حسین کو پاکستان خصوصاً پنجاب کے مظلوم ومحکوم اور پسے ہوئے طبقے کیلئے نجات دہندہ بنا کر بھیجا ہے اور انشاء اللہ پنجاب کے نوجوان اور حق پرست عوام الطاف حسین کی قیادت میں پاکستان کو عوامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔

## ملک بھر کے مظلوم عوام مفاد پرستانہ سیاست سے تنگ آچکے ہیں، اراکین قومی اسمبلی
## ایم کیو ایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو مظلوم عوام کے اجتماعی حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے

کراچی۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے عام انتخابات میں ایم کیو ایم کی کامیابی نے ثابت کر دیا ہے کہ ملک بھر کے مظلوم عوام کی طرح گلگت بلتستان کے مظلوم عوام بھی فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ اور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کے خواب کو شرمندہ تعبیر ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو مفادات کی سیاست کے بجائے مظلوم عوام کے اجتماعی حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے مظلوم عوام اب مفاد پرستانہ سیاست سے تنگ آچکے ہیں اور ان کی نظریں اب ایم کیو ایم پر ہی لگی ہوئی ہیں اور ایم کیو ایم کو گلگت بلتستان انتخابات میں عوام نے جس طرح پذیرائی دی اا اور اسے کامیابی سے ہمکنار کیا ہے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ، نظریئے کی فتح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم کی طاقت ملک بھر کے مظلوم عوام ہیں اور مظلوم عوام میں جنم لینے والا انقلاب ایک دن ضرور جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو بہالے جائے گا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گلگت بلتستان انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ ڈالنے اور انہیں کامیاب کروانے پر گلگت بلتستان کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کے حق پرستی کے سفر میں شامل ہونے کو ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا۔

## ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد ایاز کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد ایاز کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد ایاز مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد ایاز کے انتقال پر گہرے رنج دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن محمد ایاز انتقال کر گئے، تدفین اور نماز جنازہ میں ایم کیو ایم کے منتخب نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن محمد ایاز بیماری کے باعث انتقال کر گئے، مرحوم کی عمر 35 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔ مرحوم نے سوگواران میں بیوہ اور بہن بھائی شامل ہیں۔ مرحوم دمے کے موذی مرض میں مبتلا تھے اور قریبی اسپتال میں زیر علاج تھے کہ گزشتہ شب ان کی طبیعت بگڑ گئی اور ڈاکٹر کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہو سکے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ دریں اثناء محمد ایاز مرحوم کو بعد نماز ظہر سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان عظیم پورہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ قمر مسجد شاہ فیصل کالونی نمبر 3 میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز اور دیگر عوامی نمائندوں، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء و بانی رکن الٰہی بخش قائم خانی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔16، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء و بانی رکن الٰہی بخش قائم خانی کے انتقال دکھ کا اظہار ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور سوگوار لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆